# 22-06-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے عادل آباد میں مجوزہ انڈین ایئرفورس ایرپورٹ کو جامع انداز میں ترقی دینے کی درخواست کی۔

۲۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے سی آئی ایس ایف کے کام کاج پر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ سنٹرل انڈسٹرئیل سیکورٹی فورس ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔

۳۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ وہ اپنی میعاد کے 12 سال کامیابی کے ساتھ مکمل کرچکے ہیں۔انہوں نے عوام کا بھروسہ حاصل کیا، ایمانداری کیساتھ کام کیا اور انتظامیہ میں شفافیت لائی۔

۴۔تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے آج **لیجنڈری** اداکار چرنجیوی سے حیدرآباد میں ملاقات کی۔

## IAF AIRPORT:

وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے پیر کے روز نئی دہلی کے کرتویہ بھون میں منعقدہ ایک اجلاس کے دوران وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے عادل آباد میں مجوزہ انڈین ایئرفورس ایرپورٹ کو جامع انداز میں ترقی دینے کی درخواست کی۔ وزیراعلیٰ نے گاندھی سروور پروجیکٹ کے لئے دفاعی اراضی کی منتقلی پر وزیر دفاع کا شکریہ ادا کرتے ہوئے زمین کے حصول کے عمل میں ریاستی حکومت کی مکمل تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ سول ایوی ایشن اور فوجی ٹرمینلز کے ساتھ ساتھ کارگو، میٹننس، ری پیر اینڈ اوورہال اور ہینگر سہولیات بھی شامل کی جائیں کیونکہ عالمی سطح پر مختلف ایرلائنز کی جانب سے اس منصوبہ میں دلچسپی ظاہر کی جارہی ہے۔ ریونت ریڈی نے

محبوب نگر ضلع کے دیورکدرہ میں مجوزہ ڈی آر ڈی او پروجیکٹ کی جلد منظوری دینے پر بھی زور دیا۔اس موقع پر ریاست کے سینئر حکام و دیگر بھی موجود تھے۔

Desk

UTTAM

ریاستی وزیر آبپاشی این اتم کمار ریڈی نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر تلنگانہ اسٹیٹ سکریٹریٹ میں راجولی بنڈہ ڈائیورژن اسکیم اور تنگبھدرا ڈیم سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں رکن اسمبلی سنجیوا ریڈی اور محکمہ آبپاشی کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔وزیر نے واضح کیا کہ تلنگانہ کے آبی حقوق کا تحفظ ریاستی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ریاست کے مقررہ حصہ کے پانی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ ٹریبونلس اور بین الریاستی بورڈس میں تلنگانہ کا موقف موثر اور مضبوط انداز میں پیش کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ حکومت بالائی ریاستوں کی جانب سے کسی بھی ایسی کارروائی کی سختی سے مخالفت کرے گی جو آر ڈی ایس کے تحت آنے والے کسانوں کے مفادات کو نقصان پہنچا سکتی ہو۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ریاستی حکومت کسانوں کے حقوق اور تلنگانہ کے پانی کے حصہ کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدام کرے گی۔

PTC/HYD

JUPALLY

ریاستی وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ نے بھونگیر قلعہ میں جاری سیاحتی ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔اس موقع پر مقامی ارکان پارلیمان، ارکان اسمبلی اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے

ہمراہ موجود تھے۔ وزیر نے منصوبہ میں تاخیر پر ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے قلعہ میں تعمیر کئے جا رہے روپ وے، ہوٹل اور دیگر سہولیات اسٹیشنوں پر فراہم کی جانے والی تفصیلات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ 256.81 کروڑ روپے لاگت کے سودیش درشن 2.0 منصوبہ کو 2 اکتوبر تک مکمل کرنے کے لئے دن رات کام کیا جائے۔ جو پلی کرشنا راؤ نے کہا کہ ریاستی حکومت یادادری، بھونگیر اور کولانو پا کا کو ایک تاریخی وثقافتی سیاحتی مرکز کے طور پر ترقی دینے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ ان کے مطابق اس اقدام سے نہ صرف سیاحت کو فروغ ملے گا بلکہ مقامی سطح پر روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

PTC/YB

HARISH RAO

بی آر ایس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر ٹی ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی پر شدید تنقید کی۔ انہوں نے ریونت ریڈی کو دھوکے باز قرار دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ حکومت نے رعیّتو بھروسہ اسکیم کے تحت 2 لاکھ 29 ہزار 350 کروڑ روپے کی ادائیگی میں ناکام ہوگئی ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ ایک طرف حکومت فلاحی اسکیموں کے لئے فنڈس کی کمی کا بہانہ بنا رہی ہے جبکہ دوسری جانب نجی گیسٹ ہاؤس اور بین ریاستی اشتہارات پر سینکڑوں کروڑ روپے خرچ کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بڑھتے ہوئے ٹیکسوں اور آبپاشی منصوبوں میں سست روی پر بھی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ آئندہ انتخابات میں بی آر ایس محبوب نگر ضلع میں کلین سوئپ کرے گی اور کوڑنگل میں ریونت ریڈی کو شکست دے گی۔

PTC/N.KRL

MAHESH

ٹی پی سی سی صدر بی مہیش کمار گوڑ اور اے آئی سی سی کی تلنگانہ انچارج میناکشی نٹراجن نے پیر کے روز بوتھ لیول ایجنٹس کے تربیتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ ایس آئی آر کی کڑی نگرانی کریں۔قائدین نے الزام عائد کیا کہ مرکزی حکومت ووٹر فہرستوں کی نظرثانی کے عمل کو آپوزیشن کے حامی ووٹروں، خصوصاً پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کے نام ہٹانے کرنے کے لئے استعمال کررہی ہے۔انہوں نے کارکنوں کو ہدایت دی کہ وہ گھر گھر جاکر عوام سے رابطہ کریں۔ ہر اہل شہری کے حقِ رائے دہی کا تحفظ یقینی بنائیں اور جمہوری اقدار کے دفاع کے لئے سرگرم کردار ادا کریں۔

PTC/HNK

PONNAM

وزیر پونم پربھاکر نے ورنگل میں منعقدہ ایس آئی آر بیداری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس قائدین اور بوتھ لیول ایجنٹس سے اپیل کی کہ وہ 25 جون سے شروع ہونے والے ووٹر نظرثانی عمل کے دوران مکمل چوکسی اختیار کریں۔انہوں نے الیکشن کمیشن پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ بھارتیہ جنتا پارٹی کے ایجنٹ کی طرح کام کررہا ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ دیگر ریاستوں میں بڑی تعداد میں ووٹروں کے نام فہرستوں سے حذف کئے گئے ہیں۔ پربھاکر نے زور دیا کہ بوتھ لیول ایجنٹس گھر گھر جاکر نئے ووٹروں کا اندراج کرائیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی اہل شہری، بالخصوص پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد، غلط طور پر انتخابی فہرستوں سے خارج نہ ہوں۔

PTC/WGL

CONDOLENCES

وزیر ٹرانسپورٹ پونم پر بھاکر نے بھوپال پلی کے موٹر وہیکل انسپکٹر وینکنا کی پراسرار موت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ وینکنا اس وقت جان کی بازی ہار گئے جب ایک ٹپر لاری ضبط شدہ ہارویسٹر سے ٹکرا گئی۔ وزیر نے بتایا کہ واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے اور وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی بھی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ سیاسی تنقیدوں کو مسترد کرتے ہوئے پونم پر بھاکر نے یقین دہانی کرائی کہ حکومت وینکنا کے اہل خانہ کو ایکس گریشیا امداد اور خاندان کے ایک فرد کو سرکاری ملازمت فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ قوانین اور سڑکوں کی حفاظتی ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رہے گی۔

PIC/WGL

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے وردھنا پیٹ میں منعقدہ پارٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی پر شدید تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت کے دور میں تلنگانہ مختلف پریشانیوں کا شکار ہو گیا ہے۔ کے ٹی آر نے فصلوں کی خریداری کو مرکزی کوٹہ تک محدود کرنے کے حکومتی فیصلہ کی مذمت کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ ریونت ریڈی حکومت کسانوں سے کئے گئے وعدوں، خصوصاً رعیتو بندھو جیسی فلاحی اسکیموں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے مزید الزام لگایا کہ ریاستی حکومت نے دہلی کو خوش کرنے اور کمیشن حاصل کرنے کی خاطر 4 لاکھ کروڑ روپے کے قرض لئے ہیں۔ کے ٹی آر نے عزم ظاہر کیا

کہ بی آر ایس اپنے کارکنوں کو حکومتی ہراسانی سے بچانے کے لئے بھر پور جدوجہد کرے گی۔

PTC/WGL

BHATTI

نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرمارکا نے کانگریس لیڈروں کو ہدایت دی ہے کہ 30 جون کو چنتا کانی میں وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی کی مجوزہ عظیم الشان عوامی ریلی کو کامیاب بنانے کے لئے بھر پور انتظامات کیئے جائیں۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ ریاست بھر کے کسانوں میں رعیّتو بھروسہ فنڈس تقسیم کریں گے۔بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ متوقع دو لاکھ افراد کے اجتماع کے پیش نظر تفصیلی منصوبہ بندی کی جائے اور انتظامات کے لئے 6 خصوصی کمیٹیاں تشکیل دی جائیں۔انہوں نے ضلع حکام کے ہمراہ ریلی کے انعقاد کے لئے موزوں مقامات کا بھی معائنہ کیا اور اس اجتماع کو تاریخی بنانے پر زور دیا۔

PTC/KMM

KOMATIREDDY

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے مانسون میں ٹرانسپورٹ بنیادی ڈھانچہ کے تحفظ اور سیلابی نقصانات کو کم کرنے کے لئے نئی معیاری عملی رہنمایانہ ہدایات کا اعلان کیا ہے۔وزیر نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی کی ہدایت پر جاری کردہ ان رہنمایانہ اصولوں کے مطابق جون سے اکتوبر تک تمام انجینئرنگ عملہ اپنے ہیڈکوارٹرس میں موجود رہے گا۔انہوں نے کہا کہ افسران کو ہنگامی مشینری پہلے سے تیار رکھنی ہوگی۔سیلاب سے متاثر ہونے والے علاقوں کی مسلسل نگرانی کرنی ہوگی اور دیگر محکموں کے ساتھ مربوط انداز میں کام کرنا ہوگا۔اس مقصد کے

لئے بارش کی شدت کے مطابق رنگوں پر مبنی الرٹ سسٹم نافذ کیا جائے گا جس میں شدید بارشوں کے دوران ریڈ الرٹ بھی شامل ہوگا۔

PTC/HYD

SIR

میدک ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر اور کلکٹر پریتما سنگھ نے اعلان کیا ہے کہ خصوصی جامع نظر ثانی کے تحت ووٹروں کی تصدیق کے شفاف عمل کے لئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔انہوں نے تقریباً 50 ہزار ایسے اہل افراد کو یقین دلایا جن کے نام ابھی تک ووٹر فہرستوں میں شامل نہیں ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ بوتھ لیول افسران گھر گھر جا کر اندراج کا عمل مکمل کریں گے۔کلکٹر نے کہا کہ ووٹرس آن لائن رجسٹریشن کے ساتھ ساتھ مقررہ فارم جمع کرا کے بھی اپنا اندراج کرا سکتے ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ اس عمل کے دوران کسی بھی حقیقی اور اہل ووٹر کا نام انتخابی فہرستوں سے خارج نہیں کیا جائے گا۔

PTC/MDK

INSPECTION:

راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر گریما اگروال نے آج تھنگلا پلی میں واقع تلنگانہ مینا ریٹی ریسیڈنشل گرلز اسکول کا دورہ کیا اور وہاں پر طلبہ کو فراہم کی جارہی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ طلبہ کے معیار کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہ کریں۔انہیں پروٹین سے بھرپور غذا فراہم کرے۔ساتھ ہی ساتھ انہوں نے طلبہ کی حاضری، کلاس روم کی صفائی پر خصوصی توجہ دینے کا مشورہ دیا۔

PTC-RS

PM

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ وہ اپنی میعاد کے 12 سال کامیابی کے ساتھ مکمل کر چکے ہیں۔ انہوں نے عوام کا بھروسہ حاصل کیا، ایمانداری کے ساتھ کام کیا اور انتظامیہ میں شفافیت لائی۔ واضح رہے کہ مرکزی وزیر کامرس اینڈ انڈسٹری پیوش گوئل نے بھی وزیراعظم نریندر مودی کے 12 سالہ دورہ حکومت کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ اپنے دورہ حکومت میں وزیراعظم مودی نے کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے وزیراعظم مودی کے دورہ اقتدار کو شفاف حکمرانی سے تعبیر کیا۔ انہوں نے وزیراعظم مودی کی قیادت میں 12 سال کامیاب رہے۔

NSD

BANDI

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے سی آئی ایس ایف کے کام کاج پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ سنٹرل انڈسٹرئیل سیکورٹی فورس ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ سی آئی ایس ایف کے ہیڈ کوارٹر دہلی میں منعقدہ بھومی پوجا میں مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے شرکت کی۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ سی آئی ایس ایف ملک کی معیشت، طاقت اور حفاظت میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سی آئی ایس ایف کو اَپ گریڈ کیا گیا ہے۔ انفرا اسٹرکچرس فراہم کئے گئے ہیں اور جدید ٹکنالوجی سے ڈیولپ کیا گیا ہے۔

NSD

PREZ-KUNO

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج مدھیہ پردیش کے کونو نیشنل پارک کا جائزہ لیا۔ اِس دوران

انہوں نے پارک میں چیتا کے فروغ پر عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی۔ کونونیشنل پارک میں صدر جمہوریہ نے سفاری کا بھی دورہ کیا۔ اِس کے بعد صدر جمہوریہ نے زو کے عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی ۔ واضح رہے کہ فی الوقت ہندوستان میں 52 چیتا ہیں جن میں 49 کونونیشنل پارک میں ہیں۔

NSD

RAMCHANDER RAO

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے آج لیجنڈری اداکار چرنجیوی سے حیدرآباد میں ملاقات کی۔ رام چندر راؤ نے بی جے پی کے وشیش جن سمپرک ابھیان کے تحت اداکار سے ملاقات کی اور وزیراعظم نریندر مودی کے 12 سالہ دورہ حکومت کے کام کاج سے متعلق منعقدہ پروگرام میں شرکت کی دعوت دی۔ ملاقات کے دوران چرنجیوی نے ترقیاتی کاموں ، کامیابیوں، فلاحی اسکیموں و دیگر پر تبادلہ خیال کیا۔

PTC-HYD

OO